انگل فلمز کا تیار کردہ

सखी लुटेरा

سکھی لٹیرا

اداکاران

منشی لعلا۔ کماران

وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی

سٹوری رابن ہڈ اور اس کے ساتھیوں کے دلچسپ کارنامے قریب قریب ہر شخص سُن چکا ہے۔ ہماری اس کہانی کا خاکہ بھی اُن ہی کارناموں پر مبنی ہے جنہیں چند تبدیلیوں کے ساتھ ہندوستانی رنگ میں رنگ دیا گیا ہے۔

سنچی لٹیرا کے گانے

گانا نمبر ۱

میرے حُسن کا سُن کے فسانہ
سارا عالم ہے میرا دیوانہ
ہو میرے حُسن کا ———

لے کے ہاتھوں میں اُلفت کا خنجر
حُسن نکلا ہے بن کے ستمگر
آج مشکل ہے دِل کا بچانا
سارا عالم ———

دِل کے ارماں مچلنے لگے ہیں
تیر نظروں کے چلنے لگے ہیں
اب نہ چوکیگا کوئی نشانہ
سارا عالم ———

ساری دُنیا سے نظریں چرا کے
مجھکو دیکھو نہ یوں مسکرا کے
لوٹ لوگی ہیں دِل کا خزانہ
سارا عالم ———

گانا نمبر ۲

بالم کی چال میں آگئی میں ہائے رام
بھولے بھالے من کو لبھائے گیو
ہو میرے مکھڑے سے من کو چرائے گیو
دھوکے دیئے مجھے بلما نے نیارے
کہہ نہ سکی میں کچھ لاج کے مارے
بنا پوچھے من میں سمائے گیو، ہو میرے ———
جب سے یہ نین بلم تم سنگ لاگے
سوئے ہوئے میرے ارمان جاگے
دردیا من میں بسائے گیو، ہو میرے ———
یاد تیری پیا پل پل ستائے
لاکھ جتن کروں نیند نہ آئے
کیسی لگن من میں لگائے گیو، ہو میرے ———

گانا نمبر۳

آپ جو چاہیں سزا اب دیجئے
دل ہی تو ہے آگیا کیا کیجئے
آپ جو ———
آپکا در چھوڑ کے جائیں کہاں
ہو گیا دشمن ہمارا یہ جہاں
سر چھپانے کا نہیں اب آسرا
ہمکو اپنے دلمیں رہنے دیجئے
آپ جو ———
دل لگایا ہم نے کس نادان سے

عشق میں مارے گئے ہم جان سے
آپ کے ہم ہو گئے ایمان سے
کہہ رہے ہیں سچ بھر دمہ کیجئے
آپ جو ——

گانا نمبر ۴

ساجن کے نینوں سے دل کیوں نہ کھیلے
آئے بڑی مشکل سے دن البیلے
کہہ دو سنجھ یا سے بس جائیں من میں
ہری بھری آشا کے منونے چمن میں
کلنگ رہیں دلیں ارمان اکیلے
آئے بڑی ——

دیکھا جو ہنس کے ذرا بلما نے پیار سے
نئے نئے گیت چھلکے ہردے کے تار سے
جھوم اٹھے دلیں آشا کے میلے
آئے بڑی ——

تیری نجریا پہ سب کچھ لٹا یا
دنیا سے پیار تیرا پھر بھی چھپایا
تیرے لئے دکھ کیا کیا نہ جھیلے
آئے بڑی ——

گانا نمبر ۵

تم سے کرتے نہ اگر پیار تو اچھا ہوتا
دلکو لگتا نہ یہ آزار تو اچھا ہوتا

دل کی ضد نے ہمیں بدنام زمانے میں کیا
پہلے ہی مانتے اگر ہار تو اچھا ہوتا
شکوہ کی دو چار گھڑی ہائے نبھانے ہم بھی
غیر بنتے نہ جو دیوار تو اچھا ہوتا
موت سے پہلے ہی بس ایک تمنا دل کی
دیکھ لیتے تمہیں اک بار تو اچھا ہوتا

گانا نمبر ۷

ہم بھی تمہارے ہیں دل بھی تمہارا ہے
راجہ جی یاد رکھنا وعدہ ہمارا ہے
آشا کے ہار لئے جگ کی بہار لئے
در پہ تمہارے آئے آنکھوں میں پیار لئے
تھام لو ہاتھ بڑھکے دل کا اشارہ ہے
چھایا سہانا سماں بدلا ہے آج جہاں
آئیگا لوٹ کے پھر ایسا زمانہ ہے
جی بھر کے دیکھ لو تم کیسا نظارا ہے
تم ہی جو روٹھ گئے دنیا سے کون گلہ ہے
جیون کی ناؤ بھلا کیسے اب پار لگے
لہریں بھی جوش میں ہیں دور کنارا ہے

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خزینہ راز

مُصنف نے اِس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کسطرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں اشیا بنانیکے نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزارہا بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھاکر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف ۔/3/1 محصولڈاک معاف

جواہرات کا ذخیرہ

جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ خمیرہ۔ چپٹیٹ اور بہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزارہا روپیے کے قیمتی فارمولے۔ کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیوالے راز تحریر کر دیئے گئے ہیں۔ ایک کتاب منگاکر ضرور فائدہ اُٹھایئے۔ قیمت صرف ۔/۶/۱ محصولڈاک معاف

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو لپسند کرتے ہیں کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور پھر فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی لپسند کرتے ہیں۔ اسلئے قابل مُصنف نے اِس کتاب کے اندر تمام سُر اور گانے جمع کئے ہیں۔ قیمت صرف ۔/۶/۱ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: ارجن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

عشرتِ شباب

یہ لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور حکیم محمد اجمل خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرماکر تصنیف کی ہے۔

جس نے اِس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دِل و جان سے اِسکا دالا و شیدا بنگیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کردیا ہے۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں۔ جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔

قیمت بمعہ محصولڈاک صرف -/۱ عہ

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں، مثلاً بوشرٹ سلیک برکوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب میں ہی ملیگا۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن فوٹو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گراہک من مانا کپڑا سلواسکتا ہے ہر دوکاندار کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف -/۶ عہ محصولڈاک معاف

رہنمائے صابون سازی

ہر قسم کے صابون۔ مثلاً نہانے دھونے کے گھٹیا بڑھیا خوشبودار وغیرہ بنانیکا آسان طریقہ اس کے اندر آپکو ملیگا۔ قیمت صرف -/۱۸ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گوریوں کا گورو

یہ ۵۵۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جیسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیندہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانۂ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتابالی۔ کانن بالا۔ پارو دیوی۔ نورجہاں۔ مینا۔ ممتاز شانتی اور اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ موتی لال۔ کرن دیوان۔ کشور۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ شمی کپور۔ بھارت بھوشن۔ وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔

قیمت صرف ۔/۱ ؁ محصولڈاک معاف

دلچسپ اعلیٰ کارآمد۔ راتوں کو نیند اڑا دینے والی فلمی دنیا میں تہلکہ مچا دنیوالی کتاب

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں آپکے پسندیدہ فلموں میں کام کرنے والے ایکٹروں اور ایکٹریسوں نیز۔ ڈائرکٹروں کی زندگی کے حالات۔ وہ کسطرح فلم کمپنیوں میں داخل ہوئے۔ کس نے کس کس فلم میں کام کیا۔ انکے پتے سینکڑوں اہم معلومات درج کی ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹریسوں کی تصاویر نے اس کتاب میں چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اگر آپکو فلمستان سے ذرا بھی لگاؤ ہے۔ تو آپکے لئے یہ کتاب بیحد ضروری ہے۔

قیمت صرف ۔/۱ ؁ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ: رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی